**16-08-2024**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ارجمندعلی خان

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

---

1 خلائی تحقیق کی بھارتی تنظیم اِسرو آج صبح خلائی راکٹ SSLV-D3 کے ذریعے کُرہئ ارض کے مشاہدے سے متعلق سیٹیلائٹ EOS_zero eight کو خلا میں چھوڑے گی۔

2 انڈین میڈیکل ایسوسی ایشن نے کولکاتہ میں ایک زیر تربیت خاتون ڈاکٹر کی وحشیانہ ہلاکت کے خلاف احتجاج کرنے کے لیے کَل پورے ملک میں 24 گھنٹے کی ہڑتال کا اعلان کیا ہے۔

3 زراعت کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے مختلف طرح کی کیڑے مار اور جراثیم کُش دواؤں کے بارے میں کسانوں کو جانکاری دینے کی خاطر قومی نگرانی نظام کا افتتاح کیا۔

4 آج سابق وزیراعظم اٹل بہاری واجپئی کو اُن کی برسی پر خراجِ عقیدت پیش کیا جا رہا ہے۔

5 عالمی صحت تنظیم کی جانب سے mpox کو صحتِ عامہ کے لیے عالمی ایمرجنسی قرار دیے جانے کے بعد سویڈن نے اِس وائرس کے پہلے کیس کی تصدیق کی ہے۔

6 اور ٹینس میں:

جرمنی کے Alexander Zverev اِس سیزن میں 50 مقابلے جیتنے والے پہلے کھلاڑی بن گئے ہیں۔

اب خبریں تفصیل سے۔

**ISRO Satellite Launch**

خلائی تحقیق کی بھارتی تنظیم اِسرو آج صبح چھوٹے سیٹیلائٹ کو خلا میں چھوڑنے کے اپنے راکٹ SSLV کے ذریعے کُرہ ارض کے مشاہدے سے متعلق سیٹیلائٹ EOS-08 کو خلا میں چھوڑے گی۔ اِس سیٹیلائٹ کو سری ہری کوٹہ میں ستیش دھون خلائی مرکز سے اب سے کچھ دیر بعد 9 بجکر 17 منٹ پر چھوڑا جائے گا۔

اِس کے لیے مختصر مدت کی ساڑھے چھ گھنٹے کی الٹی گنتی آج رات دیرگئے 2 بجکر 47 منٹ پر شروع ہوگئی۔ یہ مشن خلائی راکٹ SSLV کی تیسری اور حتمی ترقیاتی پرواز ہوگی۔ اِس کے بعد یہ خلائی راکٹ پوری طرح Operational Mode میں آجائے گا۔

34میٹر اونچا SSLV راکٹ، PSLVراکٹوں کے مقابلے چھوٹا ہے، جو 44 میٹر اونچے ہوتے ہیں۔

VC- Joy

چھوٹے سیٹیلائٹس کو خلا میں چھوڑنے والا راکٹ SSLV دس کلوگرام سے پانچ سو کلوگرام تک کے مِنی، مائیکرو اور نینو سیٹیلائٹس کو پانچ سو کلومیٹر کے مدار میں پہنچانے کی صلاحیت رکھتا ہے۔

اِس مشن کا مقصد خلائی راکٹ SSLV نظام کی کارکردگی کا مظاہرہ کرنا اور EOS-08 سیٹلائٹ اور SR-0 DEMOSAT سیٹلائٹ کو 475 کلو میٹر کے circular مدار میں پہنچانا ہے۔ یہ خلائی راکٹ عالمی Navigation سیٹیلائٹ نظام پر مشتمل تین Payloads لے کر جائے گا۔ یہ نگرانی، قدرتی آفات اور ماحولیات پر نظر رکھنے، آگ کا پتہ لگانے، آتش فشاں پہاڑوں کی صورتحال نیز صنعتی اور بجلی پلانٹس میں تباہی جیسے واقعات کے تعلق سے دن رات infraredتصویریں بھیجے گا۔

چنئی سے Joy کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں شمیم عرفان

IMA Emergecny Services

انڈین میڈیکل ایسوسی ایشن نے پورے ملک میں کَل صبح چھ بجے سے ایمرجنسی خدمات کو چھوڑ کر دیگر شعبوں میں 24 گھنٹے کام نہ کرنے کا اعلان کیا ہے۔ کولکاتہ میں سرکار کے زیرِ انتظام چلنے والے R.G.Kar میڈیکل کالج اسپتال میں ایک زیرِ تربیت خاتون ڈاکٹر کی مبینہ آبروریزی اور قتل، نیز بعد میں وہاں توڑ پھوڑ کے واقعے کے خلاف احتجاج کرنے کے لیے یہ فیصلہ کیا گیا ہے۔

انڈین میڈیکل ایسوسی ایشن نے ایک بیان میں کہا ہے کہ اِس مدت کے دوران OPD کام نہیں کریں گے اور ایسے آپریشن نہیں کیے جائیں گے جن کے لیے پہلے سے تاریخ طے کی گئی تھی۔ البتہ لازمی خدمات برقرار رہیں گی اور Casualty وارڈس کام کرتے رہیں گے۔

گوا کے ہمارے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ ریاست میں ایک ہزار سے زیادہ ڈاکٹر احتجاج میں OPDخدمات میں کام نہیں کریں گے۔ انڈین میڈیکل ایسوسی ایشن کی گوا شاخ کے صدر ڈاکٹر سندیش Chodankar نے کہا ہے کہ کولکاتہ کے اسپتال کا واقعہ ملک کے لیے شرمناک ہے اور انسانیت پر ایک حملہ ہے۔اُدھر کیرالہ میں ریزیڈینٹ ڈاکٹرس اور PG میڈیکل طلبا کولکاتہ میں خاتون ڈاکٹر کی آبروریزی اور قتل کیس میں قصوروار عناصر کے خلاف جلد کارروائی کا مطالبہ کرتے ہوئے آج پوری ریاست کے اسپتالوں میں ایمرجنسی خدمات کو چھوڑ کر ہڑتال کر رہے ہیں۔

کیرالہ میڈیکل پوسٹ گریجویٹ ایسوسی ایشن کے مطابق ڈاکٹر تحفظ سے متعلق مرکزی ایکٹ کو نافذ کیے جانے اور کولکاتہ میں آبروریزی اور وحشیانہ قتل کے ذمہ دار افراد کو 48 گھنٹے کے اندر اندر گرفتار کیے جانے کا مطالبہ کر رہے ہیں۔اِس کے ساتھ ساتھ کیرالہ سرکار کی صحت

خدمات میں ڈاکٹروں کی سب سے بڑی انجمن کیرالہ گورنمنٹ میڈیکل آفیسرز ایسوسی ایشن نے بھی آج یومِ سیاہ منانے کا نعرہ دیا ہے۔x

**WB BJP Mahila Morcha**

بھارتیہ جنتا پارٹی کا مہیلا مورچہ آج کولکاتہ میں وحشیانہ حرکت کی مذمت کے لیے ایک خاموش **Candle March** کا اہتمام کر رہا ہے۔ یہ مارچ مورچے کی قومی صدر **Vanati** سری نواسن کی قیادت میں **R.G. Kar** میڈیکل کالج اسپتال کے باہر شام چھ بجے نکالا جائے گا۔

اِس میں **BJP** کے راجیہ سبھا ممبر درشن سنگھ اور قومی عہدیدار بھی شامل ہوں گے۔ اِن میں سنگیتا یادو، گیتا**Shakya** ، **Indu Bala Goswami**اور مغربی بنگال کی پارٹی امور کی انچارج پوجا کپل مشرا شامل ہیں۔ **BJP**کی ریاستی شاخ نے پورے بنگال میں ریاستی سرکار کے سبھی اداروں میں دو گھنٹے کام بند رکھنے اور آج دوپہر دو بجے سے سبھی ضلعوں میں سڑک ناکہ بندی کا نعرہ بھی دیا ہے۔x

**NPSS Shivraj**

زراعت اور کسانوں کی بہبود کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے کل نئی دلی میں قومی نگرانی نظام **NPSS** کا آغاز کیا۔ جناب چوہان نے اس بات کو اجاگر کیاکہ **NPSS** کے ذریعے کسان مختلف طرح کی کیڑے مار اور جراثیم کش دواؤں کے بارے میں معلومات حاصل کرسکیں گے اور اُن کے مضر اثرات سے اپنی فصلوں کو بچاسکیں گے۔ اس موقع پر جناب چوہان نے اُن کسانوں سے بات چیت بھی کی جو مرکزی سرکار کی جانب سے نافذ مختلف اسکیموں کے مستفدین ہیں۔اس تقریب میں تقریباً **500**کسان موجود تھے۔ حال ہی میں مرکزی حکومت نے زیادہ پیداوار والی، ہرموسم میں سازگار اور حیاتیاتی طریقے سے اگائی جانے والی **109** فصلوں کی اقسام جاری کی تھیں۔

**S/B Shivraj**

**VP Visit**

نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ آج سے تلنگانہ اور آندھراپردیش کے دو دن کے دورے پر رہیں گے۔ جناب دھنکھڑ آج حیدرآباد میں **Kanha Shanti Vanam** جائیں گے۔

نائب صدر جمہوریہ کل آندھراپردیش میں **Nellore** میں اکشر ودیالیہ کیمپس اور ہنرمندی کے فروغ سے متعلق مرکز، سورن بھارت ٹرسٹ اور **Muppavarapu** فاؤنڈیشن کا دورہ کریں گے۔

جناب دھنکھڑ آندھراپردیش میں وینکٹ چَلم کے مقام پر سورن بھارت ٹرسٹ کے **23**ویں یومِ تاسیس کی تقریبات کی صدارت بھی کریں گے۔x

**President at Home**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے **78** ویں یومِ آزادی کے موقع پر کَل شام راشٹرپتی بھون میں **At Home**استقبالیے کا اہتمام کیا۔ اِس موقع پر نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ، وزیر

اعظم نریندر مودی، سابق صدر جمہوریہ رام ناتھ کووند، لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا اور بھارت کے چیف جسٹس ڈی وائی چندر چوڑ بھی موجود تھے۔

اِس کے علاوہ اِس تقریب میں راج ناتھ سنگھ،جے پی نڈّا، ڈاکٹر ایس جے شنکر، اشونی ویشنو، پیوش گوئل اور شیوراج سنگھ چوہان سمیت مرکزی وزیروں اور دیگر ممتاز شخصیات نے بھی شرکت کی۔x

## Amrit Udyan Opening

امرت ادیان کو آج سے عوام کیلئے کھولا جارہا ہے۔لوگ اگلے مہینے کی 15 تاریخ تک اسے دیکھنے کیلئے جاسکیں گے۔ صدرجمہوریہ دروپدی مرمو نے بدھ کے روز راشٹرپتی بھون میں امرت ادیان کا افتتاح کیاتھا۔ اس سال پہلی مرتبہ کھیلوں کے قومی دن کے موقع پر 29 اگست کو کھیل سے وابستہ مختلف شخصیات کو امرت ادیان میں مدعو کیاگیاہے۔ اسکولوں اور یونیورسٹیوں کے اساتذہ سے بھی یہاں آکر یہاں کے خوبصورت پھولوں کا نظارہ کرنے کو کہاگیاہے۔

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

## MEA Global South

بھارت کَل ترقی پذیر اور کم ترقی یافتہ ملکوں کی سربراہ کانفرنس کی میزبانی کرے گا۔ اِس کا موضوع ہے: ”ایک پائیدار مستقبل کے لیے بااختیار“Global South

وزارت خارجہ نے کہا ہے کہ یہ سربراہ کانفرنس اُن مختلف پیچیدہ چیلنجوں پر سابقہ سربراہ میٹنگوں میں کئے گئے تبادلہ خیال کو وسعت دینے کا ایک وسیلہ ثابت ہوگی، جن سے دنیا کے ممالک اب بھی متاثر ہو رہے ہیں۔ اِن میں محاذ آرائی، خوراک اور توانائی کی یقینی فراہمی کے بحران اور آب و ہوا کی تبدیلی جیسے چیلنج شامل ہیں۔

تیسری سربراہ کانفرنس ورچوئل طریقے سے ہوگی۔ اِس میں لیڈروں کے اجلاس اور وزارتی اجلاس ہوں گے۔ افتتاحی اجلاس سربراہانِ مملکت و حکومت کی سطح پر ہوگا اور وزیراعظم نریندر مودی اِس کی میزبانی کریں گے۔

## Jaishankar Kuwait

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جئے شنکر اِس مہینے کی 18 تاریخ کو کویت کے سرکاری دورے پر جائیں گے۔ وہ کویت کے اپنے ہم منصب عبداللہ علی الیحیٰ کے ساتھ بات چیت کریں گے۔ امید ہے کہ ڈاکٹر جئے شنکر کویت کے رہنماؤں سے بھی ملیں گے۔

اُن کے اِس دورے سے دونوں ملکوں کو مختلف شعبوں میں باہمی تعلقات کے مختلف پہلوؤں کا جائزہ لینے کا موقع ملے گا۔ اِن شعبوں میں سیاسی، تجارتی، سرمایہ کاری، توانائی، سکیورٹی، ثقافتی، قونصل خانے اور عوام سے عوام کے رابطے شامل ہیں۔ دونوں فریق علاقائی اور باہمی مفاد کے بین الاقوامی امور پر تبادلہ خیال بھی کریں گے۔x

## Atal Death Anniversary

آج سابق وزیراعظم اور بھارت رتن اٹل بہاری واجپئی کو اُن کی برسی پر خراجِ عقیدت پیش کیا جا رہا ہے۔ نئی دلی میں اٹل بہاری واجپئی کی سمادھی Sadaiv Atal پر ایک دعائیہ جلسے کا اہتمام کیا گیا ہے۔صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ اور وزیراعظم نریندر مودی نے اٹل جی کی سمادھی پر عقیدت کے پھول نذر کیے۔ وزیر دفاع راجناتھ سنگھ کے ساتھ ساتھ لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا اور راجیہ سبھا کے ڈپٹی چیئرمین ہری ونش سمیت دیگر ممتاز لوگوں نے بھی اٹل بہاری واجپئی کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔

اٹل بہاری واجپئی ایک عظیم مقرِّر اور شاعر تھے اور وہ طویل عرصے تک BJP کی ایک پہچان رہے۔

## 0815 Mai Haar Nahi Manunga

## Ram Narain Agarwal Death

سرکردہ میزائل سائنسداں ڈاکٹر رام نرائن اگروال کا کل انتقال ہوگیا۔دفاعی تحقیق وترقی کی تنظیم DRDOنے ڈاکٹر اگروال کے انتقال پر رنج وغم کا اظہار کیاہے جو خلائی شعبے کے معروف سائنسداں تھے۔پدم شری اور پدم بھوشن سے سرفراز ڈاکٹر اگروال نے بھارت کے لمبی دوری کی میزائل اگنی کی تیاری میں اہم رول ادا کیاتھا۔ سوشل میڈیا کے ایک پوسٹ پر ڈی آر ڈی او نے کہا ہے کہ ڈاکٹر اگروال نے دو دہائی سے زیادہ عرصے تک ملک کے اہم اگنی میزائل پروگرام کی قیادت کی۔

## Sweden MPOX

عالمی صحت تنظیم WHO کی جانب سے MPOX کو صحت عامہ کیلئے عالمی ایمرجنسی قرار دیئے جانے کے ایک دن بعد سویڈن نے کل MPOX کے پہلے معاملے کی تصدیق کی ہے۔ اس کے ساتھ ہی سویڈن افریقی براعظم کے باہر MPOX کے تیزی سے پھیلنے والے وائرس والا پہلا ملک بھی بن گیاہے۔ایسا مانا جارہاہے کہ مریض افریقہ کے حالیہ دورے کے دوران اس وائرس سے متاثر ہوا ہے جہاں بڑے پیمانے پر MPOX Clade 1 پھیلا ہوا ہے۔

بدھ کے روز WHO نے دوسال میں دوسری مرتبہ MPOX کو صحت عامہ کیلئے عالمی ایمرجنسی قرار دیاہے۔ جمہوریہ کانگو میں اس کے پھیلنے کے بعد ایسا کیاگیاہے جہاں سے یہ وائرس دیگر ملکوں میں پھیل گیاتھا۔

## IMD Weather

بھارتی موسمیات محکمے نے آج مشرقی راجستھان، چھتیس گڑھ، رائل سیما اور کرناٹک کے جنوبی اندرونی حصوں میں کہیں کہیں بہت شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ IMDکے مطابق تمل ناڈو، پڈوچیری، کرائیکل اور گنگا کی ترائی والے مغربی بنگال کے حصوں میں کہیں کہیں کل تک بہت شدید بارش ہوسکتی ہے۔ محکمہ موسمیات نے مدھیہ پردیش، ودربھ، چھتیس گڑھ، کیرالہ، ماہے، لکشدیپ اور کرناٹک میں اس ہفتے کے دوران دور دور تک ہلکی سے اوسط بارش کی

بھی پیشگوئی کی ہے۔ IMD نے کہاہے کہ کونکن، گوا، گجرات، ساحلی آندھرا پردیش اور تلنگانہ میں آئندہ سات روز کے دوران دور دور تک بارش کا امکان ہے۔

**Tennis ATP**

**ٹینس میں جرمنی کے سرکردہ کھلاڑی Alexander Zverev کل رات امریکہ میں Cincinnatiاوپن میں Karen Khachanov کو سیدھے سیٹوں میں ہرا کر اس سیزن میں پچاس مقابلے جیتنے والے پہلے ٹینس کھلاڑی بن گئے ہیں۔ Zverevنے Khachanov کو ATP Masters 1000کے افتتاحی مقابلے میں چھ تین، چھ دو سے ہرایا۔ اب ان کا مقابلہ تیسرے دور میں آسٹریلیا یا اسپین کے کھلاڑی سے ہوگا۔ Zverev نے اب تک کئی مرتبہ ایک سیزن میں کم ازکم پچاس مقابلے جیتنے کا کارنامہ انجام دیاہے۔ 2017، 2018، 2021 اور 2023 میں بھی انہوں نے اسی طرح ایک سیزن میں پچاس مقابلے جیتے تھے۔**

**Zverev اس سال پچاس مقابلے جیت کر سرفہرست ہیں، جس کے بعد Jannik Sinner دوسرے مقام پر اور Casper Ruud تیسرے مقام پر ہیں۔**

**یہ تھی خبریں**

**PRESS COMMENTS**

**اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......فہیم احمد**

**شکریہ - ارجمند**

**یوم آزادی کے موقع پر کل تعطیل کی وجہ سے بیشتر اردو اخبارات شائع نہیں ہوئے اس لئے اردو انگریزی کے دستیاب کچھ اخبارات کی سرخیاں پیش کی جارہی ہیں۔اخبارات نے ملک میں یوم آزادی سے متعلق تقریبات سے متعلق خبر کو اپنی شہ سرخی بنایاہے۔ روزنامہ راشٹریہ سہارا نے وزیراعظم کے لال قلعہ کی فصیل سے قوم سے خطاب کو اپنی شہ سرخی بناتے ہوئے لکھا ہے موجودہ سول کوڈ فرقہ واریت پر مبنی،سیکولر سول کوڈ کی ضرورت، وقفہ وقفہ سے انتخابات ترقی میں رکاوٹ، ملک کو اقربا پروری اور ذات پرستی سے نجات دلانا ضروری۔ اس موقع پر اخبارات نے بھارت کے چیف جسٹس ڈی وائی چندرچوڑ کے اس بیان کو صفحہ اول پر جگہ دی ہے کہ آزادی کتنی قیمتی، بنگلہ دیش کے حالات کو دیکھیں۔ اخبار ہندوستان ایکسپریس کی ایک نمایاں سرخی ہے کشمیر میں یوم آزادی کی تقریبات جوش وخروش کے ساتھ منائی گئیں۔**

**اخبارات نے وزیراعظم کی اولمپکس کھلاڑیوں سے ملاقات کی خبر بھی اہمیت کے ساتھ شائع کرتے ہوئے سرخی لگائی ہے ”ہم 2036 میں اولمپک منعقد کرنے کی تیاری کررہے ہیں“۔ اخبارات نے جموں کشمیر کے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا کے اس بیان کو سرخی بنایاہے کہ دہشت گردی کے صفائے کو یقینی بنانے کیلئے جموں کے لوگ سیکورٹی فورسز کی مدد کریں۔**

**انگریزی اخبار انڈین ایکسپریس نے وزیرخارجہ ایس جے شنکر کے 18 اگست کو کویت کے دورے پر جانے سے متعلق خبرشائع کی ہے۔**

اخبارات کی بین الاقوامی خبریں اس طرح ہیں

* شمالی کوریا کے ساتھ مذاکرات کیلئے تیار ہیں:جنوبی کوریا کا بیان۔

* افغانستان میں 14 لاکھ لڑکیاں تعلیم اور ہزاروں خواتین ملازمتوں سے محروم۔

* ڈبلیو ایچ او نے منکی پاکس کو عالمی ہیلتھ ایمرجنسی قرار دیا۔

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1 خلائی تحقیق کی بھارتی تنظیم اِسرو آج صبح خلائی راکٹ SSLV-D3 کے ذریعے کُرہئ ارض کے مشاہدے سے متعلق سیٹیلائٹ EOS_zero eight کو خلا میں چھوڑے گی۔

2 انڈین میڈیکل ایسوسی ایشن نے کولکاتہ میں ایک زیر تربیت خاتون ڈاکٹر کی وحشیانہ ہلاکت کے خلاف احتجاج کرنے کے لیے کَل پورے ملک میں 24 گھنٹے کی ہڑتال کا اعلان کیا ہے۔

3 زراعت کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے مختلف طرح کی کیڑے مار اور جراثیم کُش دواؤں کے بارے میں کسانوں کو جانکاری دینے کی خاطر قومی نگرانی نظام کا افتتاح کیا۔

4 آج سابق وزیراعظم اٹل بہاری واجپئی کو اُن کی برسی پر خراجِ عقیدت پیش کیا جا رہا ہے۔

5 عالمی صحت تنظیم کی جانب سے mpox کو صحتِ عامہ کے لیے عالمی ایمرجنسی قرار دیے جانے کے بعد سویڈن نے اِس وائرس کے پہلے کیس کی تصدیق کی ہے۔

6 اور ٹینس میں:

جرمنی کے Alexander Zverev اِس سیزن میں 50 مقابلے جیتنے والے پہلے کھلاڑی بن گئے ہیں۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

-----------------------------------